ilmkidunya

# General Math - 10th Class General Math Urdu Medium Chapter 7 Short Questions Test

Q1. مستطیل کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایک ایسی چوکور جس کے آمنے سامنے والے اضلاع برابر ہوں اور تمام اندرونی زاویے قائمہ ہوں یعنی 90ڈگری کے ہوں ، مستطیل کہلاتی ہے.

---

Q2. دائرے کے سیکٹر سے کیا مراد ہے؟

**Ans 1:** دائرہ کےکوئی دو رداسی قطعات اور ان کی متعلقہ قوس سے گھرا ہوا علاقہ دائرے کا سیکٹر کہلاتا ہے.

---

Q3. قوس صغیرہ اور قوس کبیرہ میں فرق واضح کریں.

**Ans 1:** قوس صغیرہ : دائرے کی وہ قوس جو نصف دائرے سے کم ہو قوس صغیرہ کہلاتی ہے.

**Ans 2:** قوس کبیرہ: دائرے کی وہ قوس جو نصف دائرے سے بڑی ہو قوس کبیرہ کہلاتی ہے.

---

Q4. دائرہ کے قطعہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** دائرے کا وتر دائرے کو دو حصوں میں تقسیم کرتا ہے. یہ حصے دائرے کا قطعات کہلاتے ہیں .

---

Q5. متوازی خطوط کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایک ہی مستوی میں واقع دو ایسے خطوط جو کبھی نہ ملیں متوازی خطوط کہلاتے ہیں.

---

Q6. متماثل مثلثان کی تعریف کریں.

**Ans 1:** دو ایسی مثلثان متماثل مثلثان ہوتی ہیں جن کے راسوں کے جوڑے بنانے کے بعد اگر ان کے متناظرہ حصوں کی مطابقت لی جائے تو وہ برابر ہوتے ہیں.

---

Q7. مساوی زاویے کی تعریف کریں.

**Ans 1:** مساوی زاویے ہیں 'L' اور 'O' ' ایسے زاویے جن کی مقداریں مساوی ہوں، مساوی زاویے کہلاتے ہیں. زاویہ

---

Q8. ہم مرکز دائے کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایسے ہم مستوی دائرے جو ہم مرکز ہوں اور جن کے رداس مختلف ہوں . ہم مرکز دائرے کہلاتے ہیں.

---

Q9. حادہ زاویہ کی تعریف کریں.

**Ans 1:** ایسا زاویہ جو 0 ڈگری سے بڑا اور 90 ڈگڑی سے چھوٹا ہو حادہ زاویہ کہلاتا ہے.

---

Q10. چوکور کی تعریف کریں.

**Ans 1:** چار اضلاع والی بند شکل چوکور کہلاتی ہے.

---